# اخبار الجامعہ

ترتیب: نثار اللہ نثار

**4رجنوری 2009ء بروزِ اتوار:** مرکز سیدنا بلال حبشیؓ فاطمہ خیل بنوں جامعہ المرکز الاسلامی بنوں کے زیرِ نگرانی فروغِ دین وعلمِ دین کا ذیلی شاخ ہے۔اس مرکز میں اس سال پانچ طلبہ نے حفظ القرآن الکریم مکمل کیا جن کی دستار بندی کے لئے ایک سادہ اور پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔تقریب میں اہلیانِ علاقہ کی ایک قابلِ ذکر تعداد نے شرکت کی۔جامعہ کی نمائندگی مہتمم جامعہ جناب مولانا سید نسیم علی شاہ نے اپنے احباب کی معیت میں کی۔

**24رجنوری 2009ء بروزِ سنیچر:** دارالجنۃ للایتام نے حسبِ دستورامسال بھی ایتام میں سکول یونیفارم،دیگر ضروریات اور نقد وظائف کی تقسیم کا سلسلہ جاری رکھا۔اس سلسلے میں دارالجنۃ میں ایک خوبصورت اور پروقار تقریب کا انعقاد عمل میں آیا۔جس کے مہمانِ خصوصی ایس پی انوسٹی گیشن بنوں جناب سلیم خان مروت رہے۔دورانِ تقریب محترم مہمانِ خصوصی نے ادارے کی خدمات پر خراجِ تحسین پیش کیا۔سرپرستِ اعلیٰ ایتام محترم مولانا سید نسیم علی شاہ صاحب نے بھی اسی موقع پر جامع خطاب کیا۔اور بچوں سے متعلق امور پر روشنی ڈالی۔

**4رفروری 2009ء بروز بدھ:** استفادہ مکمل کرنے والے 25 ایتام کو رُخصت کرنے کے لئے ایک الوداعی پروگرام ہوا۔اُن کو پرنم آنکھوں سے اس اُمید پر رُخصت کیا گیا کہ وہ اپنی زندگیوں کا سفر کامیابی وکامرانی سے طے کریں گے۔

**5رفروری 2009ء بروزِ جمعرات:** حضرت مولانا خلیل الرحمان صاحب مہتمم مدرسہ عربیہ ذکریا مسجد راولپنڈی اور مفتی معین الدین رئیس مفتی کرک کی قیادت میں تبلیغی وفد تشریف لایا۔وفد کے اراکین نے جامعہ کے احوال میں دل چسپی لی۔جامعہ اور مجلّہ المباحث الاسلامیہ کی جاری مساعی کو بنظرِ استحسان دیکھا ساتھ ہی ساتھ علماء اور طلباء کو درس وتدریس کے ساتھ تبلیغی جدوجہد کی طرف بھی متوجہ کیا۔

**20، 21رفروی 2009ء:** اسلام معاشرے کے زیردست اور معاشی طور پر کمزور افراد کی مدد وتعاون اور ان کی کفالت کی ضمانت دیتا ہے۔یہ صدقات وزکوٰۃ کی صورت میں مال وزر امراء سے لینے اور بیکسوں اور غریبوں میں تقسیم کرنے پر ابھارتا ہے۔تاکہ اسلامی معاشرے میں امن وسکون اور خیر وعافیت کی فضا برقرار ہے۔اسی سوچ کو اپنا کر جامعہ المرکز الاسلامی غرباء، مساکین، بیوہ گان اور یتیموں کی فلاح وبہود اور کفالت کے لئے از قیام تادمِ تحریر ہمہ وقت کوشاں ہے۔اس سلسلے میں گذشتہ بعض یتیموں میں ششماہی نقد رقوم کی تقسیم کا مرحلہ بخیر وخوبی مکمل ہوا۔ایتام نقد مالی امداد وصول کرتے ہوئے بہت خوش رہے۔ان کے چہروں پر تشکر کے جذبات بخوبی پڑھے جاسکتے تھے۔

**تبلیغی اجتماع بنوں 23، 24، 25رفروری 2009ء:** سرزمین بنوں کے لئے بہت بڑی سعادت ہے کہ اس سرزمین پر امسال بھی اکابرین جماعت تبلیغ کی نظرِ عنایت رہی اور بنوں کو اجتماع سے نوازا۔اجتماع کی آمد کے ساتھ عوام وخواص کی اجتماع کو کامیاب بنانے کی سعی

وٹنگ وددود یکھنے سے تعلق رکھتی تھی۔قرب وجوار سے لوگ جوق در جوق اور قافلہ در قافلہ شرکت کے لئے آ رہے تھے۔ پیدل جماعتوں کا منظر بڑا ایمان افروز تھا۔اجتماع کے موقع پر جامعہ کے طلباء نے پوری تندہی اور سرگرمی سے خدمت میں حصہ لیا۔عوام نے پختون روایات کے مطابق مثالی مہمان نوازی کا مظاہرہ کیا۔مہمان نوازی کے اس مظاہرہ نے باہمی اسلامی اخوت ومحبت کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کیا۔

**28رفروری 2009ء بروزِ ہفتہ:** جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی امیر اور معروف سیاست دان سینٹر حضرت مولانا گل نصیب خان صاحب ،مقامی قائدین کی معیت میں جامعہ تشریف لے آئے۔جامعہ کے مسجد ہال میں علماء اور طلباء سے تربیتی انداز میں گفتگو ہوئی۔طلباء پر زور دیا گیا کہ وہ جدید وقدیم دونوں علوم سے لیس ہو کر مستقبل کی ذمہ داریوں سے عہدہ براں ہونے اور ملتِ اسلامیہ کی کماحقہٗ قیادت کا اہل ہونے کے لئے خود کو تیار کریں۔

**29رفروری 2009ء بروزِ اتوار:** جامعہ کے ذیلی مرکز ،مرکز تحفیظ القرآن الکریم داؤد شاہ بنوں کا بھی سالانہ جلسۂ دستار بندی ہوا۔اس مرکز سے بھی اس سال تین طلبہ نے حفظ القرآن الکریم مکمل کیا۔جامعہ کے مہتمم صاحب کی معیت میں یہاں بھی ایک وفد نے شرکت کی۔منتظمین مرکز اور مشرانِ علاقہ نے حضرت مہتمم صاحب کی توجہ اس طرف دلائی کہ اس مرکز میں طلبہ کے قیام کا بندوبست اگر ہو جائے تو تعلیمِ دین کا عمل پوری یکسوئی اور تندہی سے سرانجام دیا جا سکے گا۔مہتمم صاحب نے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

**شعبہ اسلامی ترقیات:** جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان بنوں کا شعبہ اسلامی ترقیات "خیر الناس من ینفع الناس" کا عملی مظاہرہ کرتے ہوئے سرگرم عمل ہے۔اور عوام کی سہولت اور ضرورت کے پیشِ نظر خدمات جاری رکھے ہوئے ہے۔اس سلسلے میں عوام الناس کے مطالبہ پر علاقہ بوزہ خیل میں اہلِ خیر کے تعاون سے نوتعمیر شدہ خوبصورت مسجد کا افتتاح ہوا۔اس موقع پر ایک تقریب کا بھی انعقاد ہوا۔جس میں جامعہ کے احباب نے شرکت کی۔علاقہ کے عوام نے جامعہ المرکز الاسلامی کی مساعی کو بہت سراہا۔اور اس کے خدمات پر اطمینان کا اظہار کیا۔اسی طرح علاقہ منڈان کی دینی،تعلیمی اور تربیتی ضرورت کے پیشِ نظر وہاں ایک دارالعلوم کا قیام عمل میں آیا۔اور حضرت مہتمم جناب مولانا سید نسیم علی شاہ صاحب نے خود ہی دارالعلوم کا سنگ بنیاد رکھا۔اس موقع پر جناب مہتمم صاحب نے خطاب کیا اور دینی ترقیات کے ضمن میں اپنے عزم اور مصمم ارادے کا اظہار کیا۔اور اہلِ علاقہ نے بھی دارالعلوم کے قیام وانتظام میں اپنی بھرپور تعاون کا یقین دلایا۔

**2رمارچ 2009ء بروزِ سوموار:** جامعہ المرکز الاسلامی پاکستان بنوں اور قومی ادارہ برائے تحقیق وترقی پشاور کے زیر انتظام علماء وخطباء ضلع بنوں کے لئے مذکورہ ادارہ کی جانب سے ایک نشستِ خاص برائے موضوع "اسلام میں بچوں اور مزدوروں کے حقوق اور جبری مشقت کی ممانعت" کا انعقاد ہوا۔علماء وخطباء پر زور دیا گیا کہ وہ مذکورہ بالا موضوع سے متعلق عوام میں شعور وآگاہی پیدا کرنے کے لئے آگے آئیں۔علماء کی حوصلہ افزائی اور عوام کی بہتر طور پر آگاہی کے لئے ایک تقریری مقابلے کا انعقاد بھی زیر غور ہے۔تاکہ عوام تک زیادہ سے زیادہ اس پیغام کی ترسیل کو ممکن بنایا جا سکے۔

.....☆☆☆☆☆.....